الحمد للہ رب العلمین والصلوۃ والسلام علی سید المرسلین اما بعد فاعوذ باللہ من الشیطن الرجیم بسم اللہ الرحمن الرحیم

# درجہ ذمہ دار اسلامی بہن کے کام

﴿1﴾ مدنی انعامات کے مطابق پورا دن گزارنے کی نیتیں کروانا۔

﴿2﴾ بیان میں شرکت کے لیے یا کیسٹ اجتماع یا vcd میں شرکت کے لیے تمام اسلامی بہنوں کو ترتیب رکھتے ہوئے بٹھانا اور واپس درجہ میں بغیر شور وغل کے لا کر بٹھانا۔

﴿3﴾ کھانے کی ترکیب تمام حلقوں کی ایک ساتھ اور اور نظم و نسق کے ساتھ کروانا۔

﴿4﴾ درجہ سطح پر ہونے والا درس اسلامی بہنوں کو دینے سے پہلے (طریقۂ کار کے مطابق) چیک کرنا۔

﴿5﴾ وقفۂ برائے آرام میں وقت پر آرام کی ترکیب کروانا۔

☆ درجہ ذمہ دار اسلامی بہن اس بات کا خیال رکھے کہ اسلامی بہنیں دوسرے درجہ میں جا کر یا فون پر بلا ضرورت گفتگو کر کے دوسرں کے لیے پریشانی کا باعث نہ بنیں۔

﴿6﴾ درجہ ذمہ دار اسلامی بہن کی ذمہ داری ہے کہ اس کے درجے کی اسلامی بہنیں وقت پر سونے کی ترکیب بنایا کریں۔

﴿7﴾ سورۂ ملک اور سورۂ یٰسٓ میں تمام اسلامی بہنوں کی شمولیت۔ تمام اسلامی بہنوں کو تہجد میں بیدار کر کے تہجد ادا کروانے کی سعادت۔ فجر میں تین آیات مع ترجمہ و تفسیر توجہ سے سننے، وقت پر نماز سے فارغ ہو کر شجرہ شریف پڑھنے کی ترکیب بنانا۔

﴿8﴾ درجہ میں تدریس کے لیے ترتیب و نظم و نسق کا خیال رکھتے ہوئے اسلامی بہنوں کو بٹھانا۔ (ان تمام معاملات میں خاص توجہ رکھنا کہ ان تمام کاموں میں اسلامی بہنیں ذوق و شوق سے شمولیت اختیار کریں)

﴿9﴾ قفلِ مدینہ کی کارکردگی پہلے ہی دن سے بنا کر تمام اسلامی بہنوں کی کارکردگی پر نظر رکھتے ہوئے عمل میں اضافے کا خوش اُسلوبی سے ذھن بنانا، حلقہ ذمہ دار اسلامی بہن سے روز کی روز وصول کر کے تحریر فرمالیا کریں۔

﴿10﴾ رات کی ناظمہ کے ساتھ بھرپور تعاون کرتے ہوئے نظم و نسق قائم رکھنا۔

﴿11﴾ درجہ ذمہ دار اسلامی بہن خاص توجہ رکھیں، اسلامی بہنیں لکھ کر یا اشارے سے ہی گفتگو کریں، ہنسی مذاق اور فضول گفتگو کا سلسلہ کرتی نظر نہ آئیں۔

﴿12﴾ درجہ میں باری باری ہر اسلامی بہن کے ذریعے جھاڑو پوچا لگوانا۔